11

03314912491

الاحسان میڈیکل

# بائیوفارماکوپیا

## بمطابق قانون مفرد اعضاء

تدوین

حکیم میاں ندیم الاسلام

0300-6560655

بہ: حکیم محمد شفیع طالب قادری لاہور

# چند اہم ہدایات

بائیو کیمک تمام نمکیات جہاں خورونی طور پر استعمال کئے جاتے ہیں وہاں بیرونی استعمال میں بھی یکساں مفید ثابت ہوتے ہیں خوراکی طور پر 3x طاقت سے لے کر اعلیٰ طاقت تک ضرورت اور شدت مرض حاد و مزمن صورت کو مدنظر رکھتے ہوئے استعمال کروائے جاسکتے ہیں مگر بیرونی استعمال کیلئے صرف 3x طاقت جو کہ یہ طاقت اصل دوا کے بالکل قریب تر ہوتی ہے استعمال کروائی جاتی ہے 3x طاقت دوا کا حقیقی مزاج 30x طاقت تک قائم رہتا ہے اس سے اوپر طاقتیں مختلف مزاج رکھتی ہیں تفصیل ماہنامہ انقلاب طب کے مضامین میں ہے

## ترکیب تیاری

Hakeem Mian Nadeemulislam

اگر آپ قطروں کی شکل میں دینا چاہتے ہیں تو ہر نمک کی مقدار خوراک 5/7 قطرے دو گھونٹ پانی یا عرق کے گلاب یا مناسب عرق میں دے سکتے ہیں شدت مرض کے مطابق دوا کا وقفہ 15 منٹ اور کم از کم دن میں دو تین مرتبہ دے سکتے ہیں تا کہ مرض پر فوری کنٹرول کیا جاسکے اگر آپ پاؤڈر کی صورت میں یا کیپسول بھر کر دواؤں کو خوبصورت اور خوشنما بنا کر دینا چاہتے ہیں تو پھر 10 ملی لیٹر دوا 500 گرام شوگر آف ملک میں کسی صاف کھرل میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر ملاتے جائیں حتیٰ کہ تمام دوا یکجان ہو کر خوش صورت اختیار کرلے اب یہ پاؤڈر کی صورت میں دو چنے کے برابر مقدار خوراک اور کیپسول کی صورت میں 2 نمبر کیپسول 250mg مقدار خوراک دن میں دو تین مرتبہ یا حسب ضرورت پاؤڈر کی صورت میں نیم گرم پانی میں حل کر کے دوا کھلانا زیادہ مفید ثابت ہوا ہے اور کیپسول کی صورت میں بھی نیم گرم پانی سے کھلانا زیادہ بہتر ہوتا ہے دوا کو خالی معدہ دیں یا کھانے بعد کم از کم ڈیڑھ گھنٹا پہلے یا بعد دیں گے تو زیادہ مفید ثابت ہوگا، ایک سے زائد ادویہ کی صورت میں جو مرکب تیار کئے جاتے ہیں ان کی مقدار خوراک زیادہ ہوتی ہے

اگر کیپسول چاہیے تو ڈبل زیرو سائز کے کیپسول میں بھر لیں اور اگر پاؤڈر ہے تو ہاف ٹی سپون سے 2
ایک ٹی سپون تک کھلائے اگر قطرے ہیں تو 10-15 قطرے کر دیں
انشاءاللہ آپ میرے تجربات و مرکبات کو بہت زیادہ مفید و موثر پائیں گے
ضرورت کے مطابق جوڑوں کے درد کے لئے مالش اعضاء کے مخصوص کیلئے
علاوہ زخموں کیلئے مرہم اور لوشن قطرے ڈراپس بھی بنائے جاتے ہیں جو کہ فوری
اثر ہوتے ہیں جب بھی آپ [illegible] کے درد کے لئے [illegible] تیل بنانا چاہتے ہیں
تو ضرورت کے مطابق کل ملا لیں [illegible] 3x طاقت والے 30-50 قطرے اور تیل
مطلوب 100 ملی لیٹر ملا کر بوتل [illegible] متاثرہ جگہ پر تین بار مالش کر سکتے ہیں
خارش اور زخموں کیلئے سادہ ویزلین 25-30 قطرے دوا

لوشن اور ڈراپس: 100 ملی لیٹر سادہ پانی ابلا ہوا یا عرق گلاب
25-30 قطرے دوا روغن بادام یا روغن زیتون 25-30 قطرے دوا ملا کر حسب
کے مطابق دوا تیار کر لیں شربت بنانے کیلئے ایک کلو سادہ شربت تیار کر کے 3x لیکوئڈ
ایک اونس ملا کے شربت میں حل کر لیں

## اصول علاج

زیر تحریر فارما کوپیا کے تجربات شدید تحریک سے لے کر اکسیر تک کا درجہ رکھتے ہیں اگر مرض عام ہو تو 3x تا 6x طاقت تک ہی استعمال کریں اور اسی کا مرکب تیار کریں اگر مرض میں افاقہ ہو جائے تو یہی نسخہ 30x میں بنا کر کچھ عرصہ استعمال کروائیں تا کہ مرض دوبارہ نہ ہو جب مرض مکمل طور پر ختم ہو جائے تو طاقت کے لئے کوئی دوا چاہئے وہ ہربل ہو بنا کر دیں دے یاد رہے کہ بائیو کیمک ادویہ کے ہمراہ اپنی دیسی ادویہ کے بعد دیگرے دی جا سکتی ہیں تا کہ نتائج جلدی حاصل ہو

# اعصابی عضلاتی

اجزاء: کالی میور 3x فیرم فاس 3x کلکیریا فلور 3x برابر مقدار میں میں حل کر لیں

## افعال اثرات:

غیر طبعی حدت وحرارت کو زائل کر کے بدن میں حقیقی ٹھنڈک اور سکون پیدا کرتا ہے بالخصوص ہائی بلڈ پریشر کیلئے آب حیات ہے دل کی غیر طبعی حرکات (اختلاج القلب) کو اعتدال پر لاتا ہے جلن، چھپاکی، الرجی، دھپڑ، بے سکونی، سوزش بول جلن کیلئے بے حد مفید ہے تمام غدی عضلاتی تحریک کی علامات کو مفید ہے اندرونی اور بیرونی طور پر یکساں مفید ہے آنکھ کی سرخی، جلن آشوب چشم، دھندلاپن وبھینگا پن، بیرونی چوٹ پر اس کا لوشن بنا کر نیم گرم پانی سے ٹکور کریں تین منٹ کے بعد سکون ہو گا انشاء اللہ مذکورہ افعال واثرات کے علاوہ مزید فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں اکسیر کے لئے مذکورہ نسخہ کے اجزاء میں 12x تا 30x لے کر ملا لیں بس تیار ہے

## مقدار خوراک:

شدت مرض کے مطابق کم وبیش یا پھر دن میں تین چار مرتبہ دیں

# عضلاتی اعصابی

اجزاء: فیرم فاس 3x کلکیریا فاس 3x کالی فاس 3x برابر مقدار میں ملالیں

## افعال واثرات:

خون کی کمی، انیمیا (ٹھُس) غذا، کا جزو بدن نہ بننا، سیلان الرحم اعصابی موٹاپا، جریان، کیلشیم کی کمی، ہڈیوں کا ٹیڑھا ہونا، ہڈیوں کا بڑھنا، ناخن بیٹھ جانا، ہڈیوں کی کمزوری، بچوں کا دانت دیر سے نکالنا سوکڑا (دق الاطفال) بچوں کے اکثر عوارضات، پتلے دست، عضلاتی کھانسی خون میں سرخ ذرات کی بے حد کمی، سانس پھولنا، عضلاتی دمہ، خون میں جمنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے اسی لیے مرض ہیموفیلیا کا مکمل علاج ہے انتہائی اعلیٰ درجہ کا مولد خون ہے

سمجھدار معالجین مزاج کے مطابق بے شمار امراض پر استعمال کر سکتے ہیں

مقدار خوراک: دن میں تین یا چار مرتبہ استعمال کریں

اکسیر کے لئے تمام ادویات 30x طاقت میں بنا کر رکھیں

# عضلاتی غدی

اجزاء کلکیر یافاس 3x فیرم فاس 3x مگنیشیا فاس 3x نیٹرم میور 3x کلکیر یافلور 3x

برابر مقدار میں ملا کر رکھیں

مقدار خوراک: دن میں تین چار مرتبہ دیں

## افعال واثرات:

بے شمار عضلاتی اعصابی امراض کے لئے فوری الاثر

تشنجی کیفیات کڑلیں، پڑنا جسم کا ٹھنڈا ہو جانا

لو بلڈ پریشر خون کی کمی، ہڈیوں کی کمزوری، نشو ونما میں

خلل، جسم میں رطوبات کے تناسب میں بگاڑ

چہرے پر سیاہ دھبے کیلشیم کی کمی

سلسل بول، زکام، چھینکیں آنا، ٹھنڈا پسینہ آنا، اسہال بلغمی

عام جسمانی کمزوری چکر آنا، سیلان الرحم، کمر کے مہروں کے مسائل

درد، وجع القطن، عصبی دلغمی، امراض کیلئے بے حد مفید و موثر ہے

اکسیر کے لئے تمام ادویات 30x میں ملا لیں

# غدی عضلاتی

اجزاء نیٹرم فاس 3x میگنیشیا فاس 3x نیٹرم سلف 3x سلیشیا 3x

مقدار خوراک: دن میں تین چار مرتبہ نیم گرم پانی کے ساتھ

## افعال واثرات:

قانون مفرد اعضاء کے فارما کوپیا کے غدی عضلاتی ملین، شدید، ہاضم سے زیادہ مفید وموثر اور جاذب الاثر اور وسیع الفوائد ہے خالص صفراء کی پیدائش کے لئے موثر ہے حرارت کی کمی، بھوک کی کمی، گیس ٹربل، تیزابیت ایسی حالت میں جب ریاح کا دباؤ دماغی عضلات کو متاثر کرے اور دماغی شریانوں پر دباؤ کا احساس ہو جیسے ہائپر ٹینشن، نیند نہ آنا، خشکی کی وجہ سے بلڈ پریشر کی سی علامات تفکرات سوچ فکر، وہم، رنج گردہ یا پھر ایسے شوگر کے مریض جن کے زخم ٹھیک نہ ہوں اور ڈاکٹر عضو کاٹنے کا مشورہ دے چکے ہوں ایسی حالت میں اندارنی اور بیرونی طور پر یہ دوا نعمت غیر مترکہ سے کم نہیں ہے انتہائی اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے ہضم کی جملہ خرابیاں، کھٹے ڈکار، کھانے کے بعد بوجھ، جی متلانا، بدہضمی، پیٹ میں سختی کا احساس، دل پر گھٹن، دل کا درد وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے اکسیر کیلئے 30x میں مذکورہ دوائیں بنا کر رکھیں

# غدی اعصابی

اجزاء: کالی میور3x نیٹرم فاس3x نیٹرم سلف3x نیٹرم میور3x فیرم فاس3x

برابر مقدار میں ملا کر رکھیں

مقدار خوراک: دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں

## افعال واثرات:

یہ دوا قانون مفرد اعضاء کے مطابق جگر کے اکثر امراض کے لئے بے پناہ مفید ثابت ہو چکی ہے سوزش جگر کی عام علامات سے لیکر پیچیدہ اور مزمن امراض تک کیلئے موثر ہے یہ وہی نسخہ ہے جس کی بدولت ہیپا ٹائٹس سی/اور بی کے سینکڑوں مریض شفاء پا چکے ہیں ورم جگر بلخصوص درد جگر، جگر کے فعل کا سست ہونا، ذیابیطس کبدی چہرے کی رنگت زرد سیاہی مائل، پیشاب کی جلن، صفرا کی زیادتی ورم اماس، تمام غدی اور عضلاتی علامات کیلئے ازحد مفید ہے اکسیر کیلئے 30x طاقت میں مذکورہ نسخہ بنا کر رکھ لیں

نوٹ ہیپا ٹائٹس کیلئے میرا معمول: مذکورہ نسخہ ایک کیپسول اور معجون دبید الورد (خود ساختہ) صبح وشام ہمراہ دودھ ایک گلاس یا عرق مکو کے ساتھ استعمال کروائیں

# اعصابی غدی

اجزاء: فیرم فاس 3x کالی میور 3x کالی فاس 3x نیٹرم میور 3x

تمام دوائیں برابر مقدار میں رکھیں

مقدار خوراک: دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں۔

## افعال واثرات:

گلے کی خراش، غدی سوزش، سوزشی کھانسی، قلاع فم

یرقان اصفر، سن سٹروک، اخراج خون

ہر قسم، بخار لازمی، ورم جگر و طحال، سوزش غدد جگر

محرک اعصاب، جریان و سیلان غدی کیلئے مفید ہے

جگر اور مثانہ کی گرمی کی اکثر علامات کا خاتمہ کرتا ہے

خون کے اخراج کو چند خوراکوں میں روک دیتا ہے

اکسیر کیلئے 12x تا 30x میں مذکورہ نسخہ منا کر رکھیں

## اکسیر پراسٹیٹ گلینڈز

اجزاء: کالی فاس3x کالی میور3x کلکیریا فلور3x برابر ملا کر کیپسول بھر لیں

فوائد: پراسٹیٹ گلینڈز کے بڑھ جانے کی وجہ سے تمام غیر طبعی علامات کیلئے مفید ہے بار بار پیشاب کی حاجت تقطیر البول پیشاب کی حاجت لگی رہتی ہو مگر اخراج سست یہ نسخہ پراسٹیٹ گلینڈز کے آپریشن سے نجات دلاتا ہے

مقدار خوراک ایک کیپسول صبح دوپہر شام

## بائیو السرین

اجزاء، کالی فاس3x کلکیریا فاس3x نیٹرم سلف3x نیٹرم فاس3x کالی میور3x نیٹرم میور3x فیرم فاس3x

تمام ادویات برابر وزن

یہ مرکب مرض السر کا خاتمہ کرنے کیلئے مفید ہے علاوہ ازیں غدی عضلاتی امراض کیلئے مفید ہے سینے کی جلن، درد معدہ، السر کی وجہ سے منہ کے چھالوں کو ختم کرتی ہے

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

## تریاق ہمیو فیلیا

اجزاء: کلکیریا فاس3x نیٹرم میور3x کالی فاس3x برابر وزن ملا کر رکھیں

افعال واثرات: عضلاتی اعصابی مقوی مولد خون ہے جسم میں خون اور کیلشیم کی کمی کو پورا کرتا ہے خون میں جمنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

## اکسیر دوران سر

اجزاء: نیٹرم فاس نیٹرم سلف کالی فاس

ترشی تیزابیت معدہ اور قبض وغیرہ کی وجہ سے چکروں کیلئے مفید ہے

اجزاء: کالی فاس 30x نیٹرم میور 30x برابر وزن ملا کر زیرو سائز کیپسول بھر لیں،

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال واثرات: عضلاتی غدی مقوی کے فوائد رکھتا ہے دماغی خشکی کی وجہ سے بے خوابی کا عارضہ، نظر کی کمزوری، زکام شدید، چھینکیں، سردی اور سرد ہوا لگنے سے زکام آنکھوں اور ناک سے پانی کا بہنا

## مفید انساء:

اجزاء: کلکیریا فاس 30x فیرم فاس 30x کالی فاس 30x مگنیشیا فاس 30x برابر وزن میں ملا کر رکھ لیں

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح دوپہر شام

افعال واثرات: عضلاتی غدی ہے حیض ونفاس کی بے قاعدگی، درد عسر طمث کثرت طمث، سوزش ورم رحم اور انقلاب رحم کیلئے مفید ہے خون کی کمی، درد کمر سیلان الرحم اور بانجھ پن کیلئے مفید ہے

## دوا الکبد

اجزاء: کالی میور فیرم فاس نیٹرم فاس نیٹرم سلف برابر ملا لیں

افعال واثرات: ورم جگر (ہیپا ٹائٹس) بالخصوص تسکین الکبد جگر کے افعال میں سستی کی وجہ سے جگر کے اکثر عوارضات، قلت صفرا قبض، جسمانی رنگت کا سیاہ پڑ جانا، تحجر الکبد وطحال کیلئے مفید ہے غدی اعصابی افعال واثرات میں بے حد مفید ہے

## دوالکبد نمبر 2

اجزاء: کلکیریا فاس فیرم فاس کالی فاس برابر وزن ملالیں

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال واثرات: بہت مختصر مگر جامع النفع اور نہایت اکسیر صفت مرکب ہے تمام اعصابی عضلاتی امراض وعلامات کیلئے بے حد مفید ہے مثلاً کمی خون، خون میں جمنے کی صلاحیت نہ ہونا، بھُس، یرقان ابیض خون میں سرخ زرات کی بے حد کمی، غذاء کا جزو بدن نہ ہونا اور نقاہت جریان وسیلان بلغمی واعصبی امراض وعلامات کیلئے استعمال کریں درد کمر بعجہ ہڈیوں کی کمزوری کیلیشیم اور فولاد کی کمی، ہڈیوں کے بے شمار مسائل ہڈیوں کا ٹیڑھا اور بدوضع ہونا بچوں کا دیر سے چلنا دق الطفال سوکڑا جیسے امراض کیلئے مفید ہے

## ذیابیطس معدی وکبدی

محمد ان معصر رز

اجزاء: نیٹرم سلف 12x نیٹرم فاس 12x ملالیں

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال واثرات: ترشی وتیزابیت کی وجہ سے بے شمار امراض کیلئے مفید ہے بدہضمی، جلن، احتلام، جریان، تیزابیت کی وجہ سے جراثیموں کی کمی اور ذیابیطس، معدی وکبدی کیلئے مفید ہے

## ذیابیطس حقیقی شکری

اجزاء: کلکیریا فاس فیرم فاس کالی فاس نیٹرم فاس برابر وزن ملالیں

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال واثرات: یہ نسخہ عضلاتی غدی مقوی فوائد کا حامل ہے ذیابیطس شکری اور اُس سے پیدا ہونے والی علامات کیلئے موثر ہے اعصابی کمزوری کا خاتمہ کرتی ہے یہ دوا جسم میں شکر کے تناسب کو اعتدال پر لاتی ہے بار بار پیشاب کی حاجت اور شدت پیاس اور عصبی علامات کو کنٹرول کر کے شوگر کی حد کو نارمل کرتی ہے

## انٹی کولیسٹرول

اجزاء: نیٹرم سلف 30x نیٹرم میور 30x نیٹرم فاس 30x برابر وزن ملالیں

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال: کولیسٹرول کو نارمل کرنے کے لئے اعلیٰ دوا ہے یہ عضلاتی غدی مرکب ہے

## عضلاتی اعصابی مقوی

اجزاء: کلکیریا فاس 30x نیٹرم میور 30x کالی فاس 30x برابر وزن ملالیں

افعال واثرات: جریان وسیلان، مادہ منویہ کا رقیق پن، رقت مذی، کمر درد، ہڈیوں کے اکثر امراض، قوت باہ کا فقدان، مثانہ کی کمزوری، خون کی کمی، سلسل بول زکام، چھینکیں، سنگرہنی، اسہال اور بے شمار بلغمی عصبی علامات کیلئے ازحد مفید ہے

## بائیومحلل اورام (غدی اعصابی)

اجزاء: کالی میور فیرم فاس نیٹرم میور برابروزن ملالیں

مقدار خوراک: صبح دوپہر شام

افعال واثرات: ہر قسم کے اورام کو تحلیل کرنے کیلئے اعلیٰ دوا ہے جگروطحال، غدد جگر کے ورم کیلئے مفید ہے

## زہریلے امراض کیلئے تریاق (غدی اعصابی)

اجزاء: نیٹرم فاس نیٹرم سلف نیٹرم میور سلیشیا برابروزن ملالیں

مقدار خوراک صبح دوپہر شام

افعال واثرات: ہر قسم کے زہروں کیلئے تریاق ہے کسی بھی زہریلے اثرات کو ختم کرنے کیلئے بے مثل دوا ہے داخلی اور خارجی طور پر مجرب ہے

## جراثیم کش دوا (عضلاتی اعصابی)

اجزاء: کالی سلف کلکیریا سلف کالی میور سلیشیا برابروزن ملالیں

افعال واثرات: اندرونی وبیرونی طور پر زخموں کو مندمل کرتا ہے

خارش، ایگزیما، کاربنکل، رطوبتی پھنسیاں، بھگندر، ناسور، پھوڑے، کھانسی نزلہ زکام، گلے کی خراش، پھیپھڑوں کے زخم وغیرہ اور دیگر جسمانی رطوبتی اور بلغمی امراض وعلامات کیلئے مفید ہے

# اوجائی اعصابی عضلاتی

اجزاء: کالی میور فیرم فاس کالی فاس برابروزن ملالیں

افعال واثرات: غدی اعصابی دردوں کیلئے بے بدل دوا ہے وہ درد جو حدت وحرارت اور صفراوی ہوتے ہیں کیلئے مفید ہے مثلاً دردشقیقہ، ہائی بلڈ پریشر اور اس کی وجہ سے کنپٹیوں میں درد، آنکھوں کی جلن سوزش دردچبھن دانت درد، عام جسمانی درد بوجھل پن چوٹ کی وجہ سے درد اندرونی اور بیرونی طور پر مفید ہے دماغی خشکی کی وجہ سے نیند نہ آنا، دماغ واعصاب میں تقویت لاکر طبعی نیند لاتی ہے حافظہ کی کمزوری، طالبعلموں اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے مقوی دماغ ہے دماغی کام کی وجہ سے دردسر اور تھکاوٹ کیلئے استعمال کرسکتے ہیں اس کو مالش کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے

آنکھ، کان، دانت کیلئے ڈراپس بنالیں

# اوجائی عضلاتی اعصابی

اجزاء: میگنیشیافاس فیرم فاس کلکیریافاس کالی فاس برابروزن ملالیں

افعال واثرات: یہ دواعام وخاص درد کیلئے اپنی مثال آپ ہے

فوری اثر ہونے کے علاوہ دائمی اثرات کی حامل دوا ہے دردسر، پیٹ درد، دردگردہ دردپتہ، نیز ہرقسم کے اعصابی وعضلاتی درد میں مفید ہ اندرونی اور بیرونی طور پر یکساں مفید ہے

# اوجائی عضلاتی غدی

اجزاء: فیرم فاس میگنیشیا فاس کالی سلف برابروزن ملالیں

افعال واثرات: عضلاتی اعصابی وریاحی دردوں کیلئے بے حد مفید ہے ایسے درد جن میں حرکت کرنے یا چلنے پھرنے سے یا پھر ٹکور کرنے یا کسی گرم تیل کی مالش کرنے سے آرام یا افاقہ کی صورت نظر آتی ہو بالخصوص گھنٹیا، درد کمر، اکڑاؤ، پٹھوں میں تشنج یا کھچاؤ، کڑلیں پڑنا، سردی خشکی میں مرض شدت اختیار کرے ان سب امراض کیلئے بے حد مفید ہے

# اوجائی غدی عضلاتی

اجزاء: میگنیشیا فاس نیٹرم سلف نیٹرم فاس کلکیر یا فلور برابروزن ملالیں

افعال واثرات: غدی عضلاتی تحریک کے تمام قسم کے دردوں کیلئے استعمال کریں یہ دوا بائیو بروفن کے نام سے منسوب ہے تحجر مفاصل (جوڑوں کا سخت ہوجانا) گانٹھیں بن جانا، درد ریحی، عرق انسا، نفخ معدہ، معدے کا عضلاتی درد، پیٹ درد، خصیوں میں درد ریح گردہ کا درد میں استعمال کریں

# اوجائی غدی اعصابی

اجزاء: نیٹرم فاس کالی میور فیرم فاس برابروزن ملالیں

افعال واثرات: غدی عضلاتی اوجاع مفاصلہ ودیگر جسمانی دردوں کیلئے مفید ہے جوڑوں کے اوپر ورم سوجن اور درد کیلئے مفید ہے

# اوجائی اعصابی غدی

اجزاء: کالی سلف نیٹرم سلف کالی فاس فیرم فاس کالی میور برابر وزن ملائیں

افعال واثرات: دردمعدہ، دردجگر، درد پتہ، درد گردہ مثانہ اور غدی اعصابی تحریک کے تمام طرح کے درد کیلئے مفید ہے عرق النساء بائیں طرف اور سینہ اور پھیپھڑوں کے درد، دردسر ودیگر تمام جسمانی دردوں میں از حد مفید ہے

نوٹ: مذکورہ تمام نسخہ جات اندرونی استعمال کیلئے 6x اور مالش، تیل، لوشن اور مرہم وڈراپس وغیرہ کیلئے 3x طاقت میں بنائے شدت مرض کی صورت میں ہر 15 منٹ کے بعد استعمال کر سکتے ہیں فارماکوپیا کے تمام نسخہ جات 6x میں تیار کریں ایک دو ہفتے کے بعد افاقہ کی صورت میں وہی نسخہ کے اجزاء 12x یا 30x میں بنا کر اکسیر کے مطابق دن میں تین بار استعمال کروائیں تا کہ مرض کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے یاد رکھیں تمام نسخہ جات تشخیص مرض وتحریک کے مطابق ہی استعمال کروائیں